# نشوونما میں گلوبل تاخیر سے کیا مراد ہے؟

## اہم نقطہ

'نشوونما میں گلوبل تاخیر' (Global Developmental Delay, GDD) کی اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ ایک بچہ نشوونما کے دو یا دو سے زیادہ پہلوؤں میں اہم سنگ میل حاصل کرنے میں نمایاں حد تک پیچھے ہے۔

نشوونما میں گلوبل تاخیر کوئی عمر بھر رہنے والی تشخیص نہیں ہے بلکہ یہ ایک پلیس ہولڈر (وقتی تشخیص) ہے جو بچے اور اس کے گھرانے کے لیے امدادی سروسز لینا ممکن بناتی ہے۔



LIVING WELL WITH GLOBAL DEVELOPMENTAL DELAY

# سفر کا آغاز

جب آپ کو اپنے بچے کی نشوونما کے متعلق فکر ہو تو آپ وضاحت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آپ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا ایسے حالات ہیں جن کی آپ کو فکر کرنی چاہیے، اور اگر کوئی مسئلہ ہے تو کیا مسئلہ ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر، آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کی مدد کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔ یہ بتائے جانا کہ آپ کے بچے کی نشوونما میں گلوبل تاخیر ہے، بچے اور گھرانے کے لیے خدمات حاصل کرنے کی طرف پہلا قدم ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ زندگی کے ابتدائی چند سال عمر بھر کے لیے بنیاد بنتے ہیں لہذا جلد مدد حاصل کرنا اہم ہے۔

یہ پتہ چلنے سے کہ آپ کے بچے کی نشوونما میں گلوبل تاخیر ہے، آپ جلد مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ (بچپن میں جلد مدد کے متعلق مزید جاننے کے لیے یہاں کلک کریں)

## نشوونما میں گلوبل تاخیر کا کیا مطلب ہے؟

ننھے بچے بالعموم عمر کے ساتھ ساتھ اہم مہارتیں حاصل کرتے ہیں جیسے بیٹھنا، گھٹنوں کے بل رینگنا، چلنا، غوں غاں کرنا، بولنا اور ٹائلٹ میں فارغ ہونا۔ ان مہارتوں کو *نشوونما کے سنگ میل* کہا جاتا ہے اور یہ مہارتیں ایک کافی حد تک معلوم ترتیب سے اور بالعموم اس عمر میں آتی ہیں جس کی ہم کافی یقین سے توقّع کر سکتے ہیں۔ جب ایک بچہ ان میں سے کسی سنگ میل پر معمول کی عمر میں نہ پہنچے تو اس کے پیچھے رہنے کو اس پہلو میں *نشوونما میں تاخیر* بتایا جاتا ہے۔

اگر کوئی بچہ نشوونما کے کم از کم دو پہلوؤں میں سنگ میل حاصل کرنے میں نمایاں حد تک پیچھے ہو تو اسے *نشوونما میں گلوبل تاخیر* قرار دیا جاتا ہے۔

'نمایاں تاخیر یا پیچھے ہونے' کا مطلب یہ ہے کہ ایک بچہ اس چیز میں کم از کم 6 مہینے پیچھے ہو جو اس کی عمر کے دوسرے بچے کرنے کے قابل ہوں۔ اگر بچہ پری میچیور تھا یعنی قبل از وقت پیدا ہوا تھا تو بچے کی عمر کو 'ایڈجسٹ' کر کے دیکھا جاتا ہے۔ یہ وہ عمر ہے جو حمل کا وقت پورا ہونے پر پیدائش کی صورت میں اس کی عمر ہوتی۔

نشوونما کے پہلوؤں کو مختلف طریقوں سے بیان کیا جا سکتا ہے تاہم ان میں یہ شامل ہیں:

ذہنی صلاحیتیں یا سوچ سے تعلق رکھنے والی صلاحیتیں (مسائل حل کرنا، یادداشت)
گروس موٹر ڈیویلپمنٹ (بڑے اعضا کے استعمال سے حرکت جیسے بیٹھنا، گھٹنوں کے بل رینگنا، چلنا، چھلانگیں لگانا)
فائن موٹر ڈیویلپمنٹ (ہاتھوں اور انگلیوں کا استعمال جیسے چھوٹی چھوٹی چیزیں یا کھلونے اٹھانا، پنسل پکڑنا، بٹن اور زپ بند کرنا)
کمیونیکیشن (بولنے اور زبان کی صلاحیتیں)
سوشل اور ذاتی صلاحیتیں (بڑوں اور دوسرے بچوں کے ساتھ واسطہ؛ اپنے رویّے کو سنبھالنا)
خود اپنے کام کرنے کی صلاحیتیں (کھانا، ٹائلٹ جانا، کپڑے پہننا)

سب بچوں کی نشوونما ایک ہی رفتار سے نہیں ہوتی؛ اس معاملے میں بچوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ اسی لیے ہم تاخیر کے پیٹرن (مسلسل انداز) کو نظر میں رکھتے ہیں اور غور کرتے ہیں کہ کیا دو یا دو سے زیادہ معاملات میں تاخیر کا پیٹرن موجود ہے۔ ایک پہلو میں تاخیر 'گلوبل' نہیں ہوتی اور اسے محض ایک طرح کی نشوونما میں تاخیر کہا جا سکتا ہے۔

LIVING WELL WITH GLOBAL DEVELOPMENTAL DELAY



## نشوونما میں گلوبل تاخیر ایک 'پلیس ہولڈر' (وقتی) تشخیص ہے۔

یہ سمجھنا بھی اہم ہے کہ نشوونما میں گلوبل تاخیر کوئی عمر بھر کی تشخیص نہیں ہے۔ یہ ایک مخصوص وقت پر بچے کی نشوونما کو بیان کرنے کا طریقہ ہے، اور اسے صرف تب استعمال کیا جاتا ہے جب اصل مسئلے کی شناخت نہ کی جا سکتی ہو جیسے بچہ اتنا چھوٹا ہو کہ اس کی سٹینڈرڈائزڈ ٹیسٹنگ نہ کی جا سکتی ہو۔ اسی کو ہم پلیس ہولڈر تشخیص کہتے ہیں یعنی ایک وقتی وضاحت جس سے پتہ چلتا ہے کہ بچہ عمر کے ساتھ ساتھ وہ سنگ میل حاصل نہیں کر رہا ہے جو دیکھنے کی ہم توقّع کرتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کی عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ نشوونما میں تاخیر چلتی رہے تو وجوہ زیادہ واضح ہو جائیں گی اور تب زیادہ معیّن تشخیص کی جا سکے گی۔

## GDD کی وجوہ کیا ہیں؟

GDD کی عام ترین وجوہ بچے کی جینز یا کروموزومز میں مسائل ہیں جیسے ڈاؤن سنڈروم یا فریجائل ایکس سنڈروم۔

کبھی کبھار ایک بچے کی GDD کی وجہ دماغ یا حرام مغز کی بناوٹ یا نشوونما ہو سکتی ہے۔

دوسری ممکنہ وجوہ میں یہ شامل ہیں:

- پری میچیور ہونا (حمل کا وقت پورا ہونے سے پہلے پیدا ہونا) اور
- پیدائش کے وقت نقصان پہنچنا
- انفیکشنز (جیسے میننجائٹس یا اینسیفالائٹس)
- میٹابولک بیماریاں جیسے تھائراڈ گلینڈ کا درست کام نہ کرنا (ہائپوتھائراڈزم)
- حمل میں زہریلے مادّوں جیسے الکحل سے واسطه، حادثے میں دماغ کو چوٹ آنا یا ڈوبنا۔

کچھ بچوں میں GDD کی وجہ کبھی معلوم نہیں ہو پاتی۔

## کیا نشوونما میں گلوبل تاخیر کی اصطلاح استعمال کرنا ضروری ہے؟

بچے کی نشوونما میں گلوبل تاخیر قرار دینے سے فائدہ ہوتا ہے کیونکہ اس کے نتیجے میں آپ کو بچپن میں جلد مدد کی سروسز اور مختلف قسموں کی مدد مل سکتی ہے اور آپ NDIS کے تحت مدد کے اہل ہو جائیں گے۔

NDIS کے تحت مدد کے لیے اہلیت کے سلسلے میں وضاحت سے کہا جاتا ہے کہ 7 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے تشخیص موجود ہونا ضروری نہیں۔ اس سلسلے میں مزید معلومات کے لیے NDIS کی ویب سائیٹ دیکھیں: https://www.ndis.gov.au/understanding/families-and-carers/early-childhood-approach#help-for-children-younger-than-7

## "تاخیر" کا لفظ کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

"تاخیر" کا لفظ مطلب کو الجھا سکتا ہے۔ اس سے لوگ سمجھتے ہیں کہ آگے چل کر بچہ اپنے ہم عمروں کے برابر پہنچ جائے گا اور پیچھے نہیں رہے گا۔ تاہم جن بچوں کی نشوونما میں گلوبل تاخیر شناخت کی جاتی ہے، ان کی اکثریت کو عمر بھر سیکھنے میں معذوریاں رہیں گی۔ جیسے جیسے ان کی سیکھنے کی ضروریات اور دوسری ضروریات واضح ہوں گی، انہیں کسی مخصوص معذوری یا معذوریوں کی تشخیص ہونے کا زیادہ امکان ہو گا۔ اس طرح انہیں خاص ان کی ضروریات پوری کرنے والی خدمات ملنا ممکن ہو جائے گا۔

جب آپ کو بتایا جائے کہ آپ کے بچے کی نشوونما میں گلوبل تاخیر ہے تو یہ آپکے بچے اور گھرانے کے لیے مدد حاصل کرنے کے سفر کا آغاز ہوتا ہے۔ سب سے اہم اس بات کو سمجھنا ہے کہ مدد موجود ہے!

# والدین کے لیے وسائل


رائل چلڈرنز ہاسپٹل (2009)۔ *نشوونما میں تاخیر: والدین کے لیے معلوماتی گائیڈ* Parkville, Victoria: رائل چلڈرنز ہاسپٹل

http://www.rch.org.au/uploadedFiles/Main/Content/cdr/Dev_Delay.pdf

*نشوونما میں گلوبل تاخیر* Contact – for families with disabled children (UK)

https://contact.org.uk/conditions/global-developmental-delay/


# پروفیشنلز کے لیے وسائل


American Psychiatric Association (2022). *Diagnostic and statistical manual of mental disorders: DSM-5-TR* (Fifth edition, text revision.). American Psychiatric Association Publishing.

Division of Early Childhood (2009*). Developmental Delay as an Eligibility Category***.** DEC Concept Paper. Missoula, Montana: Division of Early Childhood, Council for Exceptional Children.

http://dec.membershipsoftware.org/files/Position%20Statement%20and%20Papers/Delay%20Concept%20Paper.pdf

McLean, M., Smith, B., McCormick, K., Schakel, J., & McEvoy, M. (1991). *Developmental delay: Establishing parameters for a preschool category of exceptionality***.** Position statement of the Division for Early Childhood, Council for Exceptional Children. Washington, DC: Council for Exceptional Children.

نیشنل ڈِس ایبیلٹی انشورنس سکیم ایکٹ 2013 نمبر 20، 2013 ترمیم شدہ کینبرا، ACT: کامن ویلتھ آف آسٹریلیا

رائل آسٹرل ایشین کالج آف فزیشنز، پیڈیاٹرک اینڈ چائلڈ ہیلتھ ڈویژن( 2013) *مؤقف کا بیان: نشوونما کی معذوریاں رکھنے والے بچوں کے لیے جلد مدد۔* سڈنی، NSW: رائل آسٹرل ایشین کالج آف فزیشنز